BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی آف برامپٹن، پنجابی کمیونٹی ہیلتھ سروسز اور "بائیک برامپٹن" نے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن بائیک ہب کھول دیا ہے

برامپٹن، آن (25 اگست 2022) – پچھلے ہفتے، سٹی آف برامپٹن نے اپنے پارٹنرز پنجابی کمیونٹی ہیلتھ سروسز (PCHS) اور بائیک برامپٹن کے ساتھ مل کر سائیکلنگ کے محفوظ سفر کو فروغ دینے اور اس کی معاونت کرنے کے لیے ایک ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن بائیک ہب کھولا ہے: ڈفرینٹ سپوکس (Different Spokes)

برامپٹن ایک صحت مندانہ اور محفوظ شہر ہے اور یہ شہر سڑک استعمال کرنے والے تمام افراد کے لیے ایک محفوظ، آرام دہ اور خوشگوار سفر کا تجربہ حاصل کرنے اور فعال نقل و حمل کی حوصلہ افزائی کے لیے وقف ہے۔ 2 مارچ 2022 کو اپنی میٹنگ میں، برامپٹن سٹی کونسل نے اپنے عملے کو ہدایت کی تھی کہ وہ PCHS کے ساتھ 8 نیلسن سٹریٹ ویسٹ، یونٹ 104 میں سٹی کی ملکیتی پراپرٹی سے برامپٹن بائیک ہب کو چلانے کے لیے ایک مختصر مدت کی لیز پر عمل درآمد کرے، جو اس منفرد شراکت داری میں ایک فعال کردار ادا کرے گا اور اس سے برامپٹن کے رہائشی مستفید ہوں گے۔

Different Spokes ایک بنیادی سطح پر کام کرنے والا اور کمیونٹی کی زیر قیادت چلایا جانے والا مرکز ہے، جو برامپٹن میں محفوظ سائیکلنگ کی حوصلہ افزائی، فروغ اور حمایت کرے گا۔ اپنے ڈاؤن ٹاؤن برامپٹن ہب میں PCHS درج ذیل کام کرے گی:

- بائیک سے متعلقہ خدمات فراہم کرنا مثلاً بائیک کی مرمت میں معاونت اور ری کنڈیشنڈ بائیکس اور ان کے پرزوں کی فروخت؛
- برامپٹن میں محفوظ سائیکلنگ کو بڑھانے کی حوصلہ افزائی، فروغ اور معاونت کرنا؛
- ری کنڈیشنڈ بائیکس کی فروخت اور کرایہ پر دینے کی خدمات فراہم کرنا؛
- سائکلنگ میں دلچسپی رکھنے والے ہر فرد کے لیے کمیونٹی اور رہنمائی کا پروگرام فراہم کرنا؛ اور
- صحت مند کمیونٹیز اور صحت مند طرز زندگی کی حوصلہ افزائی کرنا۔

سٹی آف برامپٹن 'لوگوں کے لیے سڑکوں، کی تعمیر اور فعال نقل و حمل کو فروغ دینا جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس سال، سٹی سائیکلنگ کے بنیادی ڈھانچے، پیدل سفر، پیدل چلنے اور تفریحی راستوں کے 530 کلومیٹر سے زیادہ کے موجودہ ایکٹو ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک میں 30 نئے کلومیٹرز سے زیادہ پیدل چلنے اور سائیکل چلانے کے بنیادی ڈھانچے کا اضافہ کر رہا ہے۔

برامپٹن میں سائیکلنگ کے بارے میں مزید یہاں اور برامپٹن میں فعال نقل و حمل کے بارے میں مزید یہاں جانیں۔

اقتباسات

"برامپٹن ایک صحت مندانہ اور محفوظ شہر ہے اور ہم سائیکلنگ کے بارے میں تعلیم اور آگاہی تک رسائی فراہم کر کے اور نقل و حمل کے فعال ذرائع اور تفریح کے ذریعے اپنی شہریوں کی مجموعی ذہنی صحت کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کرتے ہوئے اپنی کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے وقف ہیں۔ ہم ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں Different Spokes کے آغاز کی حمایت کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔ یہ اس علاقے میں ایک خوش آئند اضافہ ہو گا اور ہمارے پہلے سے وسیع ایکٹو ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک کو بڑھانے میں مدد فراہم کرے گا۔"

- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"برامپٹن بائیک ہب ڈاون ٹاؤن برامپٹن میں ایک بہترین اضافہ ہے۔ بائیک کے شوقین افراد کو Different Spokes نہ صرف سائیکلنگ کی خدمات فراہم کرے گا بلکہ یہ نئے سائیکل سواروں کو سیکھانے اور ان کی مدد کرنے اور ہر عمر کے رہائشیوں کے لیے صحت مند اور فعال طرز زندگی کو فروغ دینے میں مدد کرے گا۔ میں اپنے شہر میں اس شراکت داری کو دیکھ کر بہت پرجوش ہوں اور میں ہر ایک کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس علم سے فائدہ اٹھائیں جس کی پیشکش PCHS برامپٹن کے خوبصورت اور قدرتی راستوں سے لطف اندوز ہونے کے لیے کر رہا ہے۔"

- مارٹن میڈیروس، ریجنل کونسلر، وارڈز 3 اور 4؛ چیئر، پلاننگ اینڈ ڈیویلپمنٹ کمیٹی، سٹی آف برامپٹن

"سٹی آف برامپٹن میں، ہم ایکٹیو ٹرانسپورٹیشن پر اپنی توجہ مرکوز کرتے ہوئے اپنے لوگوں کے لیے سڑکیں بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ ہم صحت مند اور فعال طرز زندگی کو فروغ دینے اور اپنے رہائشیوں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے شہر بھر میں اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر یہ کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

- پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca